شہید سپریم لیڈر حضرت آیت اللہ خامنہ ایؒ کی شہادت عالم اسلام میں رائیگاں نہیں جائیگی

انٹرنیشنل یوم القدس کانفرنس سے مولانا سید تقی رضا عابدی، حضرت سید شاہ لیاقت علی رضوی، نائب قونصل جنرل ایران محسن مقدمی کا خطاب

حیدرآباد۔/12 مارچ (نیوز فیرسروس) سپریم لیڈر شہید آیت اللہ سید علی حسینی خامنہ ای کا ایک ایک خون کا خطرہ رنگ لائے گا۔ آج اسلام کی فتح اہل بیتؑ سے ہی ہے ۔سنہ 61ہجری میں امام حسین علیہ السلام کی اگر شہادت نہ ہوتی تو اسی وقت اسلام ختم ہوجاتا۔اسرائیل ایک کینسر ہے۔اس کا پھوڑا کی شکل میں سعودی ممالک ہیں۔قبلہ اول بیت المقدس کی بازیابی تک عالم اسلام میں مسلمانوں کی جدوجہد کرنی چاہئے ۔ ایران عالم اسلام کی نمائندگی کررہا ہے نہ کہ صرف شیعہ مسلمانوں کی ۔ ہندوستان کو اپنی خارجی پالیسی کااعلان کرنا چاہئے، ہر مسلمان کو شہادت کی تمنا رہتی ہے جسکے دل میں شہادت کی تمنا نہیں رہتی وہ مسلمان ہی نہیں کہلاتا۔ اسرائیل اور امریکہ مل کر ایران پر حملہ کرنا نہایت بزدلی کی علامت ہے ۔ایران پر جو حملہ ہوا ہے وہ بحرین سے ہوا ہے ۔ بہت جلداسرائیل کی بربریت ختم ہوجائے گی ۔ عنقریب امن وسامتی کا پرچم لہرائیگا۔ بزدلی و خاموشی تماشائی بن کر دیکھنے والے عرب ممالک کیلئے ایک پیغام ہے،ایران نے اپنے موقف پر ڈٹ کر مقابلہ کیا۔نجی مفادات کے لئے کام کرنے والے سعودی ممالک کیلئے ایک وارننگ ہے کہ عنقریب امام زمانہ ہمارے درمیان ہوں گے۔اہل حق کو ذہنی و دلی طور پر تیار رہنا ہوگا۔ان مجموعی خیالات کا اظہار جمعرات کو میڈیا پلس آڈیٹوریم عابڈس میں تنظیم جعفری کے زیر اہتمام منعقدہ انٹرنیشنل یوم القدس کانفرنس کومخاطب کرتے ہوئے حجتہ الاسلام مولانا سید تقی رضا عابدی صدر تنظیم جعفری حیدرآباد،نائب قونصل جنرل ایران مقیم حیدرآباد جناب محسن مخدومی،مولانا حسن ابراہیمی،حضرت سید شاہ لیاقت علی رضوی،جناب سید جعفر حسین ایڈیٹر روزنامہ صدائے حسینی،جناب باقر حسین (4tv)، جناب مجاہد ہاشمی عوامی مجلس عمل،جناب محمد رحیم اللہ خاں نیازی سابق صدرنشین اے پی اردو اکیڈیمی نے کیا اسکے علاوہ مقررین نے امریکہ واسرائیل کے حملہ میں سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ائیؒ کی شہادت اور خطے میں جاری بربریت کی سخت الفاظ میں مذمت کی۔جناب یوسف خان اعجاز شرفی حمیدی نے نعت شریف کا نذرانہ پیش کیا اور کانفرنس کی کارروائی میر علی نقی موسوی نے چلائی۔تنظیم جعفری حیدرآباد کے ذمہ داران نے اعلان کیا کہ جمعہ 13 مارچ کو بعد نماز جمعہ 2 بجے دوپہر مزار ابن خاتون پرانی حویلی تا الاوہ سرطوق مبارک دارالشفا ہر سال کی طرح سال بھی بیت المقدس کی آزادی اور غزہ کے مظلومین کی حمایت میں ایک جلوس نکالا جائیگا انہوں نے عوام سے اس جلوس میں کثیر تعداد میں شرکت کی گزارش کی ہے۔

آپریشن آکٹوپس، 16 ریاستوں سے 117 مشتبہ افراد گرفتار

حیدرآباد۔12/ مارچ (سفیر نیوز/صدائے حسینی) حیدرآباد سٹی سائبر کرائم پولیس اسٹیشن) سی سی پی ایس (نے فروری کے ماہ میں ایک خصوصی مہم آپریشن آکٹوپس کے تحت 78 ایف آئی آر درج کرتے ہوئے 16 ریاستوں سے 117 مشتبہ افراد کو گرفتار کیا ہے۔پولیس کی جانب سے جمعرات کو جاری کردہ ایک بیان کے مطابق یہ گرفتاریاں سائبر کرائم کے 74 کیسز کے سلسلہ میں عمل میں لائی گئی ہیں جن میں 63 ٹریڈنگ اور سرمایہ کاری کے فراڈ، 6 ڈیجیٹل گرفتاری کے دھوکے، چار او ٹی پی دھوکہ اور ایک سوشل میڈیا سے متعلقہ دھوکہ دہی کا معاملہ شامل ہے۔اس کارروائی کے دوران پولیس متاثرین کو 34.76 لاکھ روپے واپس دلوانے میں بھی کامیاب رہی۔تحقیقات سے یہ انکشاف ہوا ہے کہ گرفتار ملزمان ملک بھر میں سائبر کرائم کے 1,081 معاملات میں ملوث تھے اور ان کے بینک کھاتوں سے تقریبا 139 کروڑ روپے کی لین دین ہوئی ہے۔اس مہم کے دوران پولیس نے 36 لاکھ روپے نقد، 221 موبائل فون، 26 لیپ ٹاپ، 115 چیک بکس، 141 سم کارڈز اور دیگر اہم دستاویزات ضبط کئے ۔اس کے علاوہ، نیشنل سائبر کرائم رپورٹنگ پورٹل کے ذریعہ موصول ہونے والی 2,963 درخواستوں میں سے 461 ایف آئی آر درج کی گئیں اور 9 معاملات میں ملوث 11 افراد کو گرفتار کیا گیا۔سائبر پٹرولنگ کے دوران پولیس نے آن لائن گیمنگ اور بٹنگ کو فروغ دینے والے 124 فیس بک اور انسٹاگرام پروفائلس کو بھی بلاک کروایا۔ایک اہم کیس میں حیدرآباد کے ایک شہری سے شادی اور سرمایہ کاری کے نام پر 11.17 لاکھ روپے کا دھوکہ کرنے والے ملزم پرسنا کمار کو کمبوڈیا سے واپسی پر چینئی ایئرپورٹ سے گرفتار کیا گیا جبکہ کرپٹو کرنسی دھوکہ کے ایک اور کیس میں مہاراشٹر، راجستھان اور حیدرآباد سے تین افراد کو حراست میں لیا گیا ہے۔

لیڈی ڈاکٹر خاتون مریض کے زیورات لے کر فرار

حیدرآباد۔12/ مارچ (سفیر نیوز/صدائے حسینی) سکندرآباد کے یشودھا ہاسپٹل میں ایک نقلی ڈاکٹر کا واقعہ منظر عام پر آیا ہے۔ایک ایپرن پہنی ہوئی خاتون مریض کے علاج کے بہانے کمرے میں داخل ہوئی۔اس نے مریض کے تمام رشتہ داروں کو کمرے سے باہر بھیج دیا پھر مریض کو بے ہوش کر کے تقریبا دس تولہ سونا لے کر فرار ہوگئی۔اولڈ بوئن پلی کی سدھارانی نامی خاتون بیماری کے باعث اسپتال میں شریک تھی جب اسے ڈسچارج کیا جارہا تھا تو ایک ایپرن پہنی ہوئی لیڈی ڈاکٹر اس کے کمرے میں آئی اور رشتہ داروں کو باہر جانے کو کہا۔کچھ دیر بعد جب رشتہ دار دوبارہ اندر گئیتو دیکھا کہ سدھارانی بے ہوش پڑی ہے اور اس کے پاس موجود زیورات غائب ہیں۔رشتہ داروں کے مطابق تقریبا 10 تولہ سونا چوری ہوگیا ہے۔پولیس سی سی ٹی وی فوٹیج کی جانچ کررہی ہے۔ابتدائی معلومات کے مطابق وہ خاتون نرسنگ اسٹاف کیمکرے میں جاتی ہوئی بھی نظر آئی۔پولیس مصروف تحقیقات ہے۔

آن لائن ھندی ایڈیشن

हिन्दी दैनिक
सदा-ए-हुसैनी
www.sadaehussaini
email: sadaehussaini@gmail.com Thursday, March ,12, 2026 News Editor : Syed Jaffer
ईरान के नए नेता का पहला संदेश: हॉर्मुज़ जलडमरूमध्य बंद रहेगा
"मैं आपके आदेश का पालन करता हूँ, खामेनेई।"
न्छैब में ईरान विरोधी प्रस्ताव पर रूस-चीन की आलोचना
सर्वोच्च न्यायालय ने तेलंगाना स्पीकर के खिलाफ अवमानना याचिकाएँ खारिज की
तेलंगाना सरकार कर रही है 60 लाख लोगों का स्वास्थ्य डेटा संकलित
IRGC का अमेरिकी-इज़राइली ठिकानों पर मिसाइल हमला
SADA-E-HUSSAINI INFORMATION DESK
STAY CONNECTED. STAY INFORMED.
If you have any news, announcements, community updates, or Islamic event details you would like to share, Sada-e-Hussaini is here to help spread the word.
Whether it's a Majlis, Juloos, Niyaz, religious program, or any important update related to the minorities community, we're just a message away.
CONTACT US TODAY!
9490618051
8019162110

سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی حسینی خامنہ ای کی شہادت پر بوھرا برادری کے ایک وفد بشمول جناب شیخ عرفان حسین، جناب شیخ جوہر بھائی، جناب شیخ شبیر بھائی، جناب شیخ محمد بھائی، جناب شیخ ظہیر بھائی عزی نے دفتر مجلس علما ہند حسینی محلّہ نور خاں بازار پہنچ کر حجتہ الاسلام مولانا سید تقی رضا عابدی صاحب قبلہ صدر تنظیم جعفری حیدرآباد اور جناب سید جعفر حسین ایڈیٹر روزنامہ صدائے حسینی سے ملاقات کرتے ہوئے انہیں تعزیت وتسلیت پیش کی۔ تصویر میں جناب سید محمد زیدی، جناب میر علی نقی موسوی دیکھے جاسکتے ہیں۔

تلنگانہ میں ایس ایس سی امتحانات کا کل سے آغاز

حیدرآباد۔ 12/ مارچ (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) تلنگانہ میں ایس ایس سی کے امتحانات کا آغاز 14 مارچ سے شروع ہو رہے ہیں جو 16 اپریل تک جاری رہیں گے۔حکام نے واضح کیا ہے کہ امتحان شروع ہونے کے مقررہ وقت کے بعد صرف 5 منٹ کی تاخیر یعنی صبح 9:35 بجے تک کی گنجائش دی جائے گی اس کے بعد کسی بھی طالب علم کو مرکز امتحان میں داخلے کی اجازت نہیں ہوگی۔طلبہ کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ امتحانی مراکز پر ایک گھنٹہ قبل پہنچ جائیں۔اس بار ریاست بھر میں قائم کردہ 2,676 مراکز پر مجموعی طور پر 5,17,727 طلبہ امتحان دیں گے جن میں 1,582 سرکاری اور 1,094 خانگی اسکولوں کے مراکز شامل ہیں۔امتحانات کی شفافیت برقرار رکھنے کے لئے مراکز کو موبیل فون زون قرار دیا گیا ہے۔ یہ پابندی نہ صرف طلبہ بلکہ امتحانی عملے، اسکواڈ اور معائنہ کرنے والے اعلی عہدیداروں پر بھی لاگو ہوگی۔اگر کوئی عہدیدار ڈیوٹی کے دوران موبائل فون استعمال کرتا پایا گیا تو اسے فوری معطل کر دیا جائے گا جبکہ پیپر لیک کرنے کی صورت میں ملازمت سے برخاستگی کی سزا دی جائے گی۔دوسری جانب، محکمہ تعلیم اور خاص طور پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرس کے لئے اس بار دوہری ذمہ داری ایک بڑا چیلنج بن گئی ہے۔ایک طرف 14 مارچ سے امتحانات شروع ہورہے ہیں، تو دوسری طرف یکم اپریل سے جوابی پرچوں کی جانچ کا عمل بھی شروع ہو جائے گا جس کی وجہ سے امتحانات کے انعقاد اور کیمپوں کی نگرانی کے درمیان توازن برقرار رکھنا حکام کے لئے دردسر بن گیا ہے۔

تلنگانہ میں 16 مارچ سے 23 اپریل تک اسکولس نصف دن کام کریں گے

حیدرآباد۔ 12/ مارچ (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) تلنگانہ بھر میں بڑھتی ہوئی گرمی اور تپش کے پیش نظر محکمہ تعلیمات نے 16 مارچ سے 23 اپریل تک تمام اسکولوں کو نصف دن تک چلانے کا اعلان کیا ہے۔نئے اوقات کے مطابق تمام سرکاری وخانگی اسکول صبح 8 بجے سے دوپہر 12:30 بجے تک کام کریں گے۔سرکاری اور مقامی اداروں کے زیر انتظام چلنے والے اسکولوں میں طلبہ کو دوپہر 12:30 بجے کھانا فراہم کرنے کے بعد گھر روانہ کر دیا جائے گا۔ایسے اسکول جہاں دسویں جماعت کے امتحانی مراکز قائم ہیں وہاں تدریسی عمل دوپہر ایک بجے سے شام 5 بجے تک جاری رہے گا کیونکہ صبح کے سیشن میں امتحانات منعقد ہوں گے۔ان مراکز والے سرکاری اسکولوں میں طلبہ کو پہلے دوپہر کا کھانا کھلایا جائے گا اور اس کے بعد کلاسس شروع ہوں گی۔ امتحانات کے اختتام کے بعد یہ اسکول بھی دوبارہ اپنے معمول کے وقت صبح 8 سے دوپہر 12:30 بجے پر واپس آجائیں گے۔

سپریم کورٹ نے پارٹی انحراف معاملے پر سماعت بند کردی، 10 ایم ایلز کو راحت

حیدرآباد۔12/ مارچ (سفیر نیوز/صدائے حسینی) سپریم کورٹ نے تلنگانہ میں سیاسی ہلچل پیدا کرنے والے معاملے پارٹی انحراف پر اپنی سماعت مکمل کر لی ہے۔جسٹس سنجے کرول کی سربراہی میں بنچ نے کیس کی سماعت کی۔تلنگانہ قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر گڈم پرساد کمار کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ وہ اس معاملے پر پہلے ہی حتمی فیصلہ کر چکے ہیں۔سینئر وکیل ابھیشیک سنگھوی نے بنچ کو بتایا کہ اسپیکر نے انحراف پر دائر تمام 10 عرضیوں کو پہلے ہی نمٹا دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اسپیکر نے فیصلہ دیا ہے کہ 10 ایم ایل ایز نے پارٹیاں نہیں بدلی ہیں۔ بنچ، جس نے سنگھوی کے دلائل پر غور کیا، حکم دیا کہ اسپیکر کے فیصلے کی کاپیاں دو دن کے اندر شکایت کنندگان کو فراہم کی جائیں۔اسپیکر کے فیصلے کے تناظر میں سپریم کورٹ نے ان درخواستوں پر سماعت کو بند قرار دے دیا۔ واضح رہیکہ تلنگانہ اسپیکر گڈم پرساد کمار نے ریاست میں کانگریس کے اقتدار میں آنے کے چند ماہ بعد، سال 2024 میں مبینہ طور پر کانگریس سے وفاداریاں تبدیل کرنے والے تمام 10 بی آر ایس ایم ایل ایز کی نااہلی کی درخواستوں کو خارج کر دیا ہے۔دسمبر 2025 میں، اسپیکر نے پانچ ایم ایل اے - تیلم وینکٹ را، بنڈلا کرشنا موہن ریڈی، ٹی پرکاش گوڑ، گڈیم مہیپال ریڈی، اور اریکا پوڑی گاندھی کی نااہلی کی درخواستوں کو مسترد کر دیا۔انہوں نے 15 جنوری کو پوچارم سرینواس ریڈی اور کالے یادایا کی نااہلی کی درخواستوں کو خارج کر دیا تھا۔ 4 فروری کو اسپیکر نے بی آر ایس ایم ایل اے سنجے کمار کی نااہلی کی عرضی کو خارج کر دیا۔

گیس سلنڈر ربکنگ کروانے والے ہوشیار، ورنہ بینک اکاونٹ ہوجائے گا خالی۔ پولیس

حیدرآباد۔12/ مارچ (سفیر نیوز/صدائے حسینی) مشرق وسطی میں جاری شدید کشیدگی کے پس منظر میں پکوان گیس سلنڈرس کی کمی کی تشویش کو سائبر مجرم اپنے فائدے کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔آن لائن گیس کیلئے سرچ کرنے والے سادہ لوح افراد کو نشانہ بناتے ہوئے نئے طریقہ سے دھوکہ دیا جارہا ہے۔سوشل میڈیا پر نقلی اشتہارات دے کر فوری سلنڈر ڈیلیوری کرنے اور اضافی سلنڈر فراہم کرنے کا لالچ دیا جارہا ہے اور لوگوں کو دھوکہ دیا جارہا ہے۔اس سلسلے میں حیدرآباد کے سٹی پولیس کمشنر وی سی سجنار نے عوام سے چوکس رہنے کی اپیل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ واٹس ایپ اور ایس ایم ایس کے ذریعے فرضی ویب سائٹ لنکس بھیج کر لوگوں کو گمراہ کیا جارہا ہے۔سجنار نے خاص طور پر خبردار کیا کہ اگر ایسے پیغامات آئیں جن میں کہا جائے کہ آن لائن پہلے پیسے ادا کرنے پر گیس کی فوری اور یقینی فراہمی کی جائے گی تو عوام کو سمجھ لینا چاہیے کہ یہ یقینی طور پر سائبر فراڈ ہے۔انہوں نے کہا کہ کسی بھی صورت میں ایسے مشتبہ لنکس پر کلک نہ کریں۔سلنڈر ربکنگ یا آن لائن ادائیگی کے لیے صرف گیس کمپنیوں کی سرکاری ویب سائٹس یا مجاز گیس ایجنسیوں ہی کا استعمال کریں۔

ایران۔امریکہ۔اسرائیل جنگ کے باعث نیشن آن ووڈ ککر کی صورتحال

حیدرآباد۔/12 مارچ (رپورٹر باقر علی) مشرق وسطی میں جاری ایران، امریکہ اور اسرائیل کے درمیان جنگ کے اثرات اب دنیا کے کئی ممالک تک پہنچ رہے ہیں۔اس جنگ کی وجہ سے توانائی کی سپلائی متاثر ہورہی ہے خاص طور پر خلیج میں واقع آبنائے ہرمز کی صورتحال کے باعث تیل اور گیس کی ترسیل میں رکاوٹ پیدا ہوئی ہے۔بھارت سمیت کئی ممالک میں ایل پی جی (LPG) گیس سلنڈر کی کمی پیدا ہونے لگی ہے جس کی وجہ سے ہوٹلوں، ریسٹورنٹس اور کھانے پینے کے کاروبار سے وابستہ افراد کو دوبارہ لکڑی اور کوئلے کے چولہوں پر کھانا پکانے پر مجبور ہونا پڑ رہا ہے۔ رپورٹس کے مطابق حیدرآباد، چنئی، بنگلورو، کولکاتا، ممبئی اور دیگر شہروں میں کئی ہوٹلوں اور چھوٹے کھانے کے مراکز نے گیس نہ ملنے کی وجہ سے لکڑی کے چولہے استعمال کرنا شروع کر دیے ہیں تاکہ کم از کم کھانے کی فراہمی جاری رکھی جاسکے اسکے علاوہ ہاسٹلز انتظامیہ بھی لکڑی کے چولہوں پر پکوان کرنے پر مجبور نظر آرہے ہیں۔ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر جنگ طویل ہوئی تو توانائی کا بحران مزید بڑھ سکتا ہے اور زیادہ لوگ دوبارہ روایتی لکڑی کے ایندھن پر انحصار کرنے لگیں گے جسے صدائے حسینی وسفیر نیوز نے علامتی طور پر Nation on Wood Cook یعنی قوم کا لکڑی پر کھانا پکانا قرار دیا ہے۔

رسٹورنٹس کے بند ہونے کے سبب گگ ورکرس مشکلات کا شکار

حیدرآباد۔12/ مارچ (سفیر نیوز/صدائے حسینی) شہر حیدرآباد میں کئی رسٹورنٹس کے بند ہونے کے سبب ڈیلیوری بوائز اور گگ ورکرس) غیر منظم شعبہ کے ورکرس (کی زندگی اجیرن ہوگئی ہے۔سوئیگی، زومیٹو اور زیپٹو جیسے پلیٹ فارمس سے وابستہ ہزاروں نوجوان اب اپنے مستقبل کے سلسلہ میں فکرمند ہیں۔پٹرول کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ کی وجہ سے ڈیلیوری بوائز کی روزانہ کی آمدنی کا ایک بڑا حصہ صرف ایندھن پر خرچ ہورہا ہے۔ورکرس کا کہنا ہے کہ کمپنیاں فی آرڈر معاوضہ میں اضافہ نہیں کررہی ہیں جس سے ان کا منافع ختم ہوکر رہ گیا ہے۔کرایوں میں اضافہ اور بجلی کے مہنگے بلوں کی وجہ سے شہر کے کئی چھوٹے اور اوسط درجہ کے رسٹورنٹس بند ہورہے ہیں۔اس کے نتیجہ میں ورکرس کو آرڈر پک کرنے کے لیے اب دور دراز علاقوں کا سفر کرنا پڑتا ہے جس سے وقت اور ایندھن دونوں ضائع ہورہے ہیں۔رسٹورنٹس کم ہونے کی وجہ سے موجودہ فوڈ ہبز پر ہجوم بڑھ گیا ہے جس کی وجہ سے ورکرس کو ایک ایک آرڈر کے لئے گھنٹوں انتظار کرنا پڑتا ہے، اس کا انہیں کوئی اضافی معاوضہ نہیں ملتا۔تلنگانہ گگ اینڈ پلیٹ فارم ورکرز یونین نے حکومت اور کمپنیوں سے مطالبہ کیا کہ پٹرول کی بڑھتی قیمتوں کے تناسب سے ڈیلیوری چارجس میں اضافہ کیا جائے۔ ورکرس کے لئے روزانہ کی بنیاد پر اقل ترین اجرت کا تعین کیا جائے۔گگ ورکرز کے لئے ہیل انشورنس اور حادثاتی بیمہ کی سہولت فراہم کی جائے۔معاشی ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر ان ورکر سکے مسائل حل نہ کئے گئے تو شہر کا ڈیلیوری سسٹم شدید متاثر ہوسکتا ہے، کیونکہ موجودہ حالات میں یہ کام اب ورکرس کے لئے مالی طور پر فائدہ مند نہیں رہا۔

فنکشن ہالس میں زیورات کی چوری۔خاتون گرفتار

حیدرآباد۔12/ مارچ (سفیر نیوز/صدائے حسینی) حیدرآباد کی راجندر نگر پولیس نے فنکشن ہالس میں سونے کے زیورات چوری کرنے والی ایک خاتون ملزمہ کو گرفتار کرلیا ہے۔ملزمہ شیخ شاہین بیگم جو بنڈلہ گوڑہ کے علاقے ایرہ کنٹہ کی رہنے والی بتائی گئی ہے اس کے خلاف راجندر نگر زون پولیس نے سسپیکٹ شیٹ بھی کھول دی ہے۔پولیس کے مطابق جنوری کے مہینے میں سٹی پلیس فنکشن ہال میں پیش آئے چوری کے واقعہ میں بھی یہی خاتون ملوث تھی۔اس واقعے میں اس نے تقریبا 50 گرام سونے کے زیورات چرالیے تھے۔پولیس کے مطابق ملزمہ فنکشن ہالس آنے والوں کو نشانہ بنایا کرتی تھی۔وہ مہمان کے طور پر فنکشن ہال کے اندر داخل ہو جاتی اور کرسیوں پر رکھے ہینڈ بیاگس پر نظر رکھتی۔خاص طور پر قیمتی اشیا والے بیاگس کو نشانہ بنا کر چوری کر کے فرار ہو جاتی تھی۔پولیس نے بتایا کہ ملزمہ کا مجرمانہ ریکارڈ بھی ہے۔ماضی میں وہ اپنے شوہر کے قتل کے مقدمہ میں ملوث بتائی گئی ہے۔یہ مقدمہ پہاڑی شریف پولیس اسٹیشن میں درج کیا گیا تھا اور عدالت نے اس خاتون کو عمر قید کی سزا بھی سنائی تھی۔پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ فنکشن ہال، بازار، بس اسٹانڈ اور ریلوے اسٹیشن جیسے ہجوم والے مقامات پر اپنے ہینڈ بیاگس کا خاص خیال رکھیں۔تھوڑی دیر کے لیے بھی بیاگ کو بغیر نگرانی کے نہ چھوڑیں۔بیاگ کے زِپ اچھی طرح بند رکھیں۔ضرورت کے بغیر زیادہ نقد رقم یا قیمتی اشیا ساتھ نہ رکھیں۔ہجوم والی جگہوں پر بیاگ کو پیچھے کی بجائے سامنے کی طرف رکھیں۔اگر کوئی جان بوجھ کر ٹکر مارے یا توجہ ہٹانے کی کوشش کرے تو فوراً احتاط ہو جائیں۔کسی بھی مشکوک حرکت یا چوری کے بارے میں فوری طور پر پولیس کو اطلاع دیں۔پولیس نے فنکشن ہال مالکان کو بھی ہدایت دی ہے کہ مرکزی دروازے، ایگزٹ پوائنٹس، پارکنگ، ریسیپشن، ڈائننگ اور سیٹنگ ایریاز میں لازمی CCTV کیمرے نصب کیے جائیں۔مہمانوں کی نقل وحرکت پر نظر رکھنے کے لیے معیاری اور ہائی ریزولوشن کیمرے استعمال کیے جائیں۔تمام کیمرے مسلسل کام کرتے رہیں اور ان کی نگرانی کی جائے۔

ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر و مالک سید جعفر حسین نے روزنامہ 'صدائے حسینی' کوسری شیشائی انٹر پرائزیز' پلاٹ نمبر 19' آئی ڈی اے بالانگر' آر آر ڈسٹرکٹ' تلنگانہ 037 500 (انڈیا) سے چھپوا کر 146/306-7-18' امان نگر (اے) سے شائع کیا۔رجسٹرڈ نمبر: RNI No.APURD/2009/30780' پوسٹل رجسٹریشن نمبر HSE/910/213/215۔